بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

میرے رب مجھے بدنامی سے بچا

زبور 25

یا اللہ، مَیں اپنے آپکو تیرے حوالے کرتا ہوں[1]

اے میرے رب، مَیں تجھ پر بھروسا کرتا ہوں، تُو مجھے بدنام نہیں ہونے دینا
میرے دشمنوں کو مجھ پر ہنسنے کا موقع نہ دینا[2]

جو کوئی بھی تجھ پر ایمان رکھےگا وہ کبھی بدنام نہیں ہوگا۔
وہی بدنام ہوگا جو صرف گناہ کرتا ہے اور کبھی توبہ نہیں کرتا۔[3]

یا اللہ ربل کریم، مجھے نیک راستا دکھا۔
مجھے زندگی کو جینا سکھا۔[4]

مجھے اپنی سچی ہدایت عطا کر، اے میرے پروردگار،
مجھے نجات دینے والے، مَیں تیری ہدایت کا انتظار کروں گا۔[5]

اے میرے پروردگار، تُو اپنی مُحَبَّت اور کرم یاد کر۔
جو تونے ہم پر بہت پہلے ظاہر کیا تھا۔[6]

میرے گناہوں اور غلط کام کو یاد نہ کرنا جو مینے جوانی میں کئے تھے۔
لیکن مجھے پیار کرنا ہمیشہ یاد رکھنا، کیونکہ تُو بہترین ہے، اے میرے رب۔[7]

یا اللہ رب العظیم، تُو اچھا اور سچا ہے۔
تُو گناہ گاروں کو سچ کی طرف لے جاتا ہے۔[8]

تُو اُن کو ہی صحیح راستا دکھاتا ہے، جو صحیح کام کرنے پر غرور نہیں کرتے۔
تُو اُن کو اپنا سیدھا راستا دکھاتا ہے۔[9]

اے میرے رب، تیرا راستا پیارا اور سچا ہے
انکے لئے جو تجھ سے کئے ہوئے وعدے پر عمل کرتے ہیں[10]
اے میرے رب، اپنے نام کی خاطر، میرے گناہوں کو بخش دے۔[11]

اللہ رب العظیم اپنی عبادت کرنے والے بندوں کو
بہترین راستے پر لے جائےگا۔[12]
وہ ایک بہترین زندگی جئےگا اور اُس کے بچے زمین کے وارث ہوں گے۔[13]

اللہ تعالی اپنے راز اُسے بتائےگا جو اُس کی عزت کرتے ہیں۔
وہ اُنہیں اپنے عہد کے بارے میں بتائےگا۔[14]

میری آنکھیں ہمیشہ تجھے مدد کے لئے تلاش کرتی ہیں۔
تُو مجھے ہر جال سے بچا لےگا۔[15]

میری طرف دیکھ اور مجھ پر نظرے کرم کر۔
مَیں اکیلا ہوں اور بہت تکلیف میں ہوں۔[16]

میری مشکلیں بہت بڑھ گئی ہیں۔
مجھ کو میری مشکلوں سے آزاد کر دے۔[17]

دیکھ مَیں کیسے مصیبتوں میں پھنسا ہوا ہوں،
تُو میرے سارے گناہوں کو معاف کر دے۔[18]

دیکھ میرے دشمن کتنے زیادہ ہیں!
اور دیکھ وہ مجھ سے کتنی نفرت کرتے ہیں![19]

میری حفاظت کر اور مجھے بچا لے۔
مَیں تجھ پر بھروسا کرتا ہوں، مجھے بدنام ہونے سے بچا لے۔[20]

مَیں تجھ سے ہی اُمید رکھتا ہوں
تاکی نیکی اور ایمانداری میری حفاظت کر سکے۔[21]

یا اللہ، تُو میرے ملک کو ہر مشکل سے محفوظ رکھے[22]